**کارڈف میں ویلش میڈیم سیکنڈری تعلیم کے مستقبل کی تشکیل میں مدد کریں**

**ہم آپ کی آراء کیوں طلب کر رہے ہیں؟**

اسکولوں کے بارے میں فیصلے حقیقی زندگیوں پر اثر انداز ہوتے ہیں، آپ کے بچوں پر، آپ کے خاندان پر، آپ کے کام پر، آپ کے سماج ( کمیونٹی) پر۔ اسی لیے، کسی بھی باقاعدہ تجاویز کو تیار کرنے/ترتیب دینے سے پہلے، کارڈف کونسل آپ کی رائے سننا چاہتی ہے۔

ہم آپ کی آراء طلب کر رہے ہیں کہ مستقبل میں کارڈف کی خدمت کے لیے ویلش میڈیم اور انگلش (انگریزی) میڈیم سیکنڈری اسکولوں کی جگہوں کے مناسب توازن کو کیسے یقینی بنایا جائے، بشمول ایسی کسی بھی تبدیلی کے جس کے بارے میں آپ محسوس کرتے ہوں کہ وہ علاقے کے لیے مستقبل کی تجاویز کی تشکیل میں مددگار ہو سکتی ہے۔

یہ آپ کا موقع ہے کہ آپ ہمیں بتائیں کہ آپ کے لیے سب سے زیادہ کیا اہمیت رکھتا ہے، آپ کو کس بات کی فکر ہے، اور کارڈف میں ویلش میڈیم سیکنڈری تعلیم کے مستقبل کے لیے آپ کیا امید رکھتے ہیں۔

**ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے .**

آپ کی آراء کابینہ کو مکمل تصویر دیکھنے میں مدد دیں گی تاکہ، اگر ہم مستقبل میں باقاعدہ مشاورت کی طرف بڑھیں، تو اختیارات اُن امور کی عکاسی کریں جنہیں آپ نے اہم قرار دیا ہے۔

ہم یہ کام ویلش لینگویج اینڈ ایجوکیشن (ویلز) ایکٹ 2025 اور کارڈف کے ویلش اِن ایجوکیشن احکمتِ عملی پر مبنی منصوبہ 2022–2032 کے مطابق کر رہے ہیں۔

**ہم کسی بھی تبدیلی کو کیسے اپنائیں گے ( سے نمٹیں گے )**

ہم جانتے ہیں کہ اسکولوں میں تبدیلیاں خاندانوں اور سماجوں پر اثر انداز ہوتی ہیں، اس لیے ہم ایک محتاط، شفاف، اور شواہد پر مبنی طریقۂ کار اختیار کریں گے۔

ہمارے رہنما اصول یہ ہیں:

- **معیار:** کارڈف کے اسکولوں کے معیار اور طاقتیں (مضبوط پہلوؤں) کا تحفظ
- **انصاف اور شمولیت:** اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام سماجوں کو انگریزی یا ویلش میں مرکزی دھارے اور خصوصی سہولیات تک رسائی کے لیے معاونت فراہم کی جائے۔
- **پائیداری(استحکام) :** تبدیلیاں قلیل مدت میں قابلِ استطاعت ہونی چاہئیں اور طویل مدتی طور پر کارڈف کے اسکول کے نظام کے لیے لاگت کے مقابلے میں مؤثر ثابت ہونی چاہئیں۔
- **توازن:** ترقی کو فوری یا لازمی امور کو متاثر نہیں کرنی چاہیے، جیسے اضافی سیکھنے کی ضروریات ( اے ایل این ) رکھنے والے طلبہ کے لیے سہولیات میں توسیع کرنا اور حالت، موزونیت اور صحت و سلامتی سے متعلق امور کو حل کرنا۔

عملی طور پر اس کا مطلب یہ ہے:

- یہ ایک ابتدائی مشاورتی عمل ہے، تجاویز پر باقاعدہ مشاورت نہیں ہے۔
- ہم کسی بھی تفصیلی تجاویز کو تیار کرنے یا آگے بڑھانے سے پہلے آپ کو رہے ہیں۔
- ہم رہنما اصولوں کی نشاندہی کرنے اور اختیارات کی تشکیل کے لیے شواہد اور آپ کی آراء کا استعمال کریں گے۔

- ہم خیالات کو جانچ رہے ہیں، کوئی وعدے نہیں کر رہے: اس وقت اشتراک کیے گئے اختیارات گفتگو کے آغاز کے نکات ہیں۔
- حدود اور اثرات کے بارے میں شفافیت: بڑی تبدیلیاں فنڈنگ، مقامات اور عملے پر منحصر ہوتی ہیں۔
- مرحلہ وار اور قابلِ موافقت( لچکدار) : 2027/28 کے لیے عارضی اقدامات درکار ہیں جبکہ قابلِ عمل طویل مدتی حل تلاش کیے جا رہے ہیں۔

**کیا ہو رہا ہے اور ابھی کیوں ؟**

کارڈف کی ویلش میڈیم اسکول کمیونٹی ( سماج) ہمارے لیے باعثِ فخر ہے، اور ہم چاہتے ہیں کہ یہ مسلسل پروان چڑھتی رہے۔ 2027/28کے لیے متوقع قلیل مدتی اضافے سے آگے بڑھ کر، ہماری خواہش ہے کہ ویلش میڈیم تعلیم کا انتخاب کرنے والے طلبہ کی تعداد میں اضافہ ہو۔ یہ عمل پائیدار انداز میں، وقت کے ساتھ ساتھ، ہر سماج کی خواہشات کی عکاسی کرتے ہوئے انجام پانا چاہیے۔

ہم اپنے تین ویلش میڈیم سیکنڈری اسکولوں میں پہلے سے موجود عمدہ عملی اقدامات پر مزید کام کرنا چاہتے ہیں اور اعلیٰ معیار کی تعلیمی سہولیات کو وسعت دینے کے مستقبل کے مواقع کا جائزہ لینا چاہتے ہیں۔ اسی کے ساتھ، ہمیں اُن عوامل کا تحفظ بھی کرنا ہے جو پیشکش کو مضبوط اور قابلِ عمل بناتے ہیں، اور یہ یقینی بنانا ہے کہ کسی بھی ترقی سے معیار میں کمی نہ آئے اور نہ ہی فراہم کردہ سہولیات متاثر ہوں۔

ہمیں اس خواہش کو دیگر فوری ترجیحات کے ساتھ بھی متوازن کرنا ہے، جیسے اضافی سیکھنے کی ضروریات( اے یل این ) رکھنے والے طلبہ کے لیے نشستوں کی شدید ضرورت کو پورا کر نا۔

ہمارا مقصد سادہ ہے: ایسے حل تلاش کرنا جو منصفانہ، حقیقت پسندانہ اور پائیدار ہوں، اور اسے درست طور پر حاصل کرنے کے لیے ہمیں آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔

**آگے کی طرف نظر ڈالتے ہوئے: طویل مدتی اختیارات**

خاندان، عملہ اور سماج مستقبل کے لیے یقین ( یقینی صورتحال ) چاہتے ہیں، نہ کہ صرف قلیل مدتی حل۔ اسی لیے ہم کچھ بڑے اور طویل مدتی خیالات کے بارے میں آپ کی آراء طلب کر رہے ہیں۔

ابھی کچھ بھی طے نہیں کیا گیا ہے۔ آپ کی آراء ہمیں یہ طے کرنے میں مدد دیں گی کہ کیا ایسے اختیارات موجود ہیں جنہیں مزید جانچنے کے قابل سمجھا جائے اور اگر فنڈنگ دستیاب ہو جائے تو کیا ایسی نئی تجاویز ہیں جن پر آپ چاہتے ہیں کہ ہم مستقبل میں غور کریں۔

**ہم کن سے رابطہ (مشاورت) کر رہے ہیں؟**

کونسل مختلف اور متنوع مفاد رکھنے والے فریقین کے ساتھ مشاورت کر رہی ہے، جن میں بچے اور نوجوان، والدین اور سرپرست، اسکول کا عملہ، گورننگ باڈیز، مقامی رہائشی، منتخب نمائندگان، ڈائیوسیزن ایجوکیشن ڈائریکٹرز (کلیسائی تعلیمی ڈائریکٹرز) ، نیبر ہڈ (ہمسایہ) حکام، اور کارڈف کے تمام اسکول شامل ہیں۔ اس کے حصے کے طور پر ہم مقامی کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ کام کرتے ہیں تاکہ کم سنی جانے والی جماعتوں کے ساتھ مشغولیت کی معاونت کی جا سکے اور آراء کی ایک وسیع حد حاصل کی جا سکے۔

اس مشاورتی عمل میں قومی ادارے بھی شامل ہیں جیسے ایسٹِن، ویلش منسٹرز ، اور ویلش لینگویج، فیوچر جنریشنز اور بچوں کے کمشنرز، اس کے ساتھ ساتھ وہ تنظیمیں بھی شامل ہیں جو ابتدائی برسوں، بچوں کی نگہداشت، کھیل اور ویلش میڈیم تعلیم کی نمائندگی کرتی ہیں، جن میں موڈیاڈ میتھرین، RhAG اور منتر ایاتھ شامل ہیں۔ کونسل ٹریڈ یونینز، رضاکارانہ شعبے کے شراکت داروں، صحت اور کالج فراہم کنندگان، اور مرکزی دھارے اور خصوصی دونوں طرح کے اضافی تعلیمی ضروریات فراہم کنندگان کے ساتھ بھی کام کر رہی ہے۔

**مجوزہ تبدیلی کے بارے میں بچوں کی آراء**

کارڈف بچوں کے لئے دوستانہ شہر بننے کے لیے پر عزم ہے ، جہاں بچے اُن فیصلوں کے بارے میں اپنی رائے دے سکیں جو اُن کی زندگیوں اور اُن خدمات پر اثر انداز ہوتے ہیں جن تک وہ رسائی حاصل کرتے ہیں۔

کونسل ان تجاویز کے حصے کے طور پر شامل اسکولوں میں طلبہ سے ملاقات کرے گی، اور ان اجلاسوں میں حاصل کی گئی معلومات کو تجاویز کی تشکیل کے دوران مدِنظر رکھا جائے گا۔

**آپ مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتے ہیں اور اپنی آراء کا اشتراک کیسے کر سکتے ہیں**

**آپ کے خیالات ہمارے لیے اہم ہیں،** اور ہم سننا چاہتے ہیں کہ آپ ان تجاویز کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔ اس میں شامل ہونے کے کئی آسان طریقے ہیں:

- **ڈراپ اِن ( بغیر پیشگی وقت لیے بغیر )اجلاس میں شرکت کریں –** بالمشافہ یا آن لائن۔
  –بالمشافہ اجلاس کے لیے پیشگی بکنگ کی ضرورت نہیں ہے۔
  –آن لائن اجلاس کے لیے لنک حاصل کرنے کے لیے schoolresponses@cardiff.gov.uk پر ای میل کریں۔
- **بالمشافہ عوامی اجلاس میں شرکت کریں** تاکہ سوالات پوچھ سکیں اور اپنی آراء پیش کر سکیں۔
- **آن لائن جوابی فارم پُر کریں** www.cardiff.gov.uk/welshsecondaryschools
- **جوابی فارم پرنٹ کریں اور بذریعہ ڈاک اس پتے پر بھیجیں:**
  School Organisation Planning Team, Room 463, County Hall, Cardiff, CF10 4UW.
- ہمیں بذریعہ ای میل schoolresponses@cardiff.gov.uk یا ڈاک **کے ذریعے لکھیں۔** اگر آپ کا کوئی سوال ہے تو آپ واپس کال کرنے کے لیے بھی کہہ سکتے ہیں۔

براہِ کرم کسی بھی تحریری یا ای میل کے ذریعے دیے گئے جواب کے ساتھ اپنا مکمل نام اور ڈاک کا پتہ شامل کریں۔

آپ اس مشاورتی دستاویز کو کونسل کی ویب سائٹ پر بھی پڑھ سکتے ہیں www.cardiff.gov.uk/welshsecondaryschools
اگر آپ آن لائن اس تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے تو آپ ہم سے پرنٹ شدہ نقل کی درخواست schoolresponses@cardiff.gov.uk پر ای میل کر کے یا **029 2087 2720** پر فون کر کے کر سکتے ہیں۔

جوابات موصول کرنے کی آخری تاریخ **26 مارچ 2026** ہے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی جواب پر ہم غور نہیں کر سکتے ۔

مشاورتی اجلاسوں کی تاریخیں ذیل میں درج ہیں:

**جدول 2: مشاورتی اجلاس**

| مشاورت کی نوعیت | تاریخ/وقت | مقام |
|---|---|---|
| پیشگی وقت لیے بغیر ملاقات کا اجلاس | جمعرات، 19 فروری 2026<br>دن 9:30 بجے تا 11:30 بجے | خُلانِشِن ہَب |
| پیشگی وقت لیے بغیر ملاقات کا اجلاس | جمعہ، 27 فروری 2026<br>صبح 10:30 بجے تا دوپہر 12:30 بجے | ایلی اینڈ کائرائےہَب |
| پیشگی وقت لیے بغیر ملاقات کا اجلاس | جمعہ، 06 مارچ 2026<br>صبح 11:30 بجے تا دوپہر 1:30 بجے | سٹار ہَب |
| پیشگی وقت لیے بغیر ملاقات کا اجلاس | پیر، 09 مارچ 2026<br>دوپہر 12 بجے تا 2 بجے | لاونڈن کلچرل اینڈ میڈیا سینٹر |
| پیشگی وقت لیے بغیر ملاقات کا اجلاس | بدھ، 18 مارچ 2026<br>صبح 11 بجے تا دوپہر 1 بجے | سینٹ میلَنز ہَب |
| آن لائن پیشگی وقت لیے بغیر ملاقات کا اجلاس | بدھ، 18 فروری 2026<br>دوپہر 12 بجے تا 1 بجے | ٹیمز |
| آن لائن پیشگی وقت لیے بغیر ملاقات کا اجلاس | پیر، 23 فروری 2026<br>دوپہر 1 بجے تا 2 بجے | ٹیمز |
| آن لائن پیشگی وقت لیے بغیر ملاقات کا اجلاس | منگل، 24 فروری 2026<br>دوپہر 2 بجے تا 3 بجے | ٹیمز |
| آن لائن پیشگی وقت لیے بغیر ملاقات کا اجلاس | پیر، 02 مارچ 2026<br>شام 5 بجے تا 6 بجے | ٹیمز |
| آن لائن پیشگی وقت لیے بغیر ملاقات کا اجلاس | جمعہ، 13 مارچ 2026<br>دوپہر 12:30 بجے تا 1:30 بجے | ٹیمز |
| عوامی اجلاس/ملاقات (بالمشافہ) | منگل 24 فروری 2026<br>شام 5:30 بجے تا 6:30 بجے | لسوین میموریل ہال |
| عوامی اجلاس/ملاقات (بالمشافہ) | جمعرات، 19 مارچ 2026<br>شام 5:30 بجے سے 7:00 بجے تک | کاؤنٹی ہال |
| عوامی اجلاس/ملاقات (آن لائن) | پیر 16 مارچ 2026<br>دوپہر 1 بجے تا 2 بجے | ٹیمز |

**موجودہ ویلش میڈیم سیکنڈری اسکول کی سہولیات**

کارڈف کے ویلش میڈیم سیکنڈری اسکولوں کا حجم اور محلِ وقوع اُن مقامات کی عکاسی کرتا ہے جو ہر اسکول کے قیام کے وقت دستیاب تھے۔

**ویلش میڈیم اسکول:**

- یسگول گیفون گیمریگ گلانتاف (لینڈاف نارتھ): ایٹ فارم انٹری، عمر 11–19 سال۔ ابتدائی طور پر کارڈف میں تمام ویلش میڈیم سیکنڈری طلبہ کی خدمت کرتا تھا، اس سے پہلے کہ کیچمنٹ حدود (حدودِ داخلہ ) متعارف کرائی گئیں۔

- یسگول گیفون گیمریگ پلازماور (فیئرواٹر): سیون فارم انٹری، 1998 میں سابق واٹرہال سائٹ پر قائم کیا گیا۔
- یسگول گیفون گیمریگ برو ایردرن (پینیلن): چھ فارم انٹری، 2012 میں سابق سینٹ ٹیلو ہائی اسکول کی سائٹ پر قائم کیا گیا۔

تینوں اسکولوں کے لیے حدودِ داخلہ مقرر کی گئیں اور بعد میں مشاورت کے بعد ان میں نظرِ ثانی کی گئی۔

چونکہ شہر بھر میں تین ویلش میڈیم سیکنڈری اسکول موجود ہیں، اس لیے کچھ علاقے اپنے مقامی اسکول سے تین میل سے زیادہ فاصلے پر واقع ہیں۔ ایسے معاملات میں مقامی اتھارٹی کو قریب ترین اسکول تک مفت ٹرانسپورٹ فراہم کرنا لازم ہے۔ کارڈف کونسل اس سے آگے بڑھتے ہوئے خاندانوں کے پسندیدہ طرزِ تعلیم (انگریزی میڈیم، ویلش میڈیم یا مذہبی) کی معاونت کے لیے صوابدیدی ٹرانسپورٹ کی فنڈنگ فراہم کرتی ہے، جو ویلش حکومت کی قانونی ضروریات سے زیادہ ہے اور مساوی رسائی کو فروغ دیتی ہے۔

ویلش میڈیم شعبے میں، مفت ٹرانسپورٹ درج ذیل کی معاونت کرتی ہے:

- یسگول گیفون گیمریگ برو ایردرن: اسپلَوٹ، ہلان رَمْنی، رَمْنی، ٹروبرج، سینٹ میلنز کے حصے
- یسگول گیفون گیمریگ گلانتاف: بیو ٹ ٹاؤن، گرینج ٹاؤن، لسوین، لانیشن، تھورن ہل کے حصے
- یسگول گیفون گیمریگ پلازماور: کیراؤ، ایلی، مورگنس ٹاؤن، پینٹیرچ، کریگیاو کے حصے

اگرچہ داخلوں کی تعداد بدلتی رہتی ہے ، مجموعی طور پر خالی نشستیں کم ہی رہتی ہیں، جو انگلش میڈیم اسکولوں کے برابر ہیں۔ یسگول گیفون گیمریگ برو ایردرن میں عارضی اضافے کے ذریعے 2023/24میں گنجائش 180 سے بڑھا کر 210 کر دی گئی۔ 2024/25 ، 2025/26میں کم داخلوں اور 2026/27 میں متوقع کمی کے باوجود، 2027/28 کے لیے گنجائش میں مزید عارضی اضافہ درکار ہوگا۔

سیکنڈری اسکولوں میں داخلوں کی پیش گوئی 2031/32 تک کی جا سکتی ہے، جو جنوری 2025 میں منعقد ہونے والی تازہ ترین اسکول مردم شماری ( پی یل اے ایس سی ) کے وقت ریسپشن(اسکول میں استقبالیہ جماعت) میں پہلے سے داخل طلبہ کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔

ویلش میڈیم سیکنڈری اسکولوں میں داخلوں کی پیش گوئی ہے کہ 2028/29سے کم از کم 2031/32 تک نسبتاً کم سطح پر رہیں گے، جس میں پرائمری تعلیم میں پہلے سے داخل طلبہ کے حالیہ خالص برقرار رہنے کی شرح کو مدِنظر رکھا گیا ہے۔

کونسل نے www.cardiff.gov.uk/welshsecondaryschools پر ویلش میڈیم طلبہ کی نشستوں کے تجزیے کو شائع کیا ہے، جو اسکولوں کی گنجائش، نشستوں کے استعمال اور مستقبل میں متوقع داخلوں کے حوالے سے معلومات فراہم کرتا ہے۔

کونسل اس وقت اُن طلبہ کے لیے جو اضافی تعلیمی ضروریات رکھتے ہیں اور جنہیں خصوصی جگہ درکار ہے، ویلش میڈیم کے ذریعے فراہم کی جانے والی سہولیات میں توسیع سے متعلق تجاویز کو آگے بڑھا رہی ہے۔

فی الحال، وہاں موجود ہیں:

- 2026–2032کے عرصے میں ویلش میڈیم سیکنڈری اسکولوں میں کسی مستقل تبدیلی کی منصوبہ بندی نہیں کی گئی ہے۔
- اُن تمام طلبہ کو جگہ فراہم کرنے کے لیے کافی نشستوں کی منصوبہ بندی کی گئی ہے جنہیں جگہ درکار ہے۔

**موجودہ انتظامات کے بارے میں کیا اچھا ہے؟**

- کم از کم 2031/32 تک ویلش میڈیم سیکنڈری تعلیم میں متوقع داخلوں کے لیے کافی نشستوں کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔
- طلبہ، خاندانوں یا عملے کے لیے کوئی خلل نہیں۔
- نئی جگہوں (مقامات) کے لیے کوئی خرچہ یا ضرورت نہیں ۔
- شعبے میں موجودہ مضبوط عملی طریقہ کار اور استحکام کو برقرار رکھتا ہے۔

**ممکنہ نقصانات کیا ہیں؟**

- مستقبل کے برسوں( آنے والے سالوں ) میں ویلش حکومت کی جانب سے مقرر کردہ ترقی کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے گنجائش فراہم نہیں کرے گا۔
- جنوبی اور شمالی کارڈف کے کچھ حصوں میں بعض خاندانوں کے سفری خدشات کا حل فراہم نہیں کرے گا۔
- 16 سال کی عمر کے بعد کی سہولیات کا حجم مستقبل میں مضامین کے انتخاب یا ہم نصابی مواقع کو وسعت دینے کی صلاحیت کو محدود کر سکتا ہے۔

## ویلش میڈیم سیکنڈری تعلیم کو وسعت دینے کے اختیارات

**اختیار 1: موجودہ مقامات پر تینوں ویلش میڈیم سیکنڈری اسکولوں کو وسعت دینا**

**اس کا کیا مطلب ہے؟**

جہاں ممکن ہو وہاں اضافی کلاس رومز ( جماعتوں ) یا سہولیات شامل کر کے موجودہ تینوں ویلش میڈیم سیکنڈری اسکولوں کی گنجائش میں اضافہ کرنا۔

**ممکنہ فوائد**

- گنجائش میں اضافہ متوقع طلب اور آبادی میں اضافے کے مطابق ہوگا۔
- طلبہ اور عملے کے لیے تبدیلی کے پیمانے کو کم کرتے ہوئے تعمیراتی سرگرمیاں موجودہ اسکول کے مقامات کے اندر انجام دی جائیں گی۔
- مالی استحکام کی حمایت کرتے ہوئے ، موجودہ ویلش میڈیم اسکول اپنے موجودہ ماڈل کے مطابق کام کرتے رہیں گے ۔
- موجودہ تعلیمی طریقہ کار اور تنظیمی ڈھانچے کو برقرار رکھتا ہے۔
- تخمینہ شدہ سرمایہ جاتی اخراجات نئے اسکول کی تعمیر سے وابستہ اخراجات کے مقابلے میں کم ہیں۔
- توسیع کے دیگر اختیارات کے مقابلے میں اسکول دخلوں کے علاقوں میں کم تبدیلیاں درکار ہوں گی۔
- مجوزہ ریل پاس انتظامات کے ساتھ ملحوظ رکھتے ہوئے سفری سہولت میں وسعت ( آسانی) کی حمایت کر سکتا ہے۔

**ممکنہ نقصانات**

- ویلش میڈیم سیکنڈری سہولیات موجودہ مقامات تک ہی محدود رہیں گی۔
- بعض طلبہ کے سفری خدشات کا حل فراہم نہیں ہوگا، خصوصاً جنوبی اور شمال کے بعض حصوں میں۔
- موجودہ عمارت کی حالت سے جڑے مسائل حل نہیں ہوں گے۔
- بعض اسکولوں میں نمایاں توسیع کے لیے جگہ محدود ہے، بشمول معاون سہولیات (مثلاً کھانے پینے کی فراہمی کی سہولت، ہالز، کھیلوں کے علاقے )۔ طویل مدت میں مزید توسیع کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- توسیع کو ممکن بنانے کے لیے موجودہ مقامات پر درکار کسی بھی تعمیر یا مرمت سے طلبہ کو خلل پہنچنے کا امکان ہوگا، اگرچہ اسے کم سے کم رکھا جائے گا۔

**اختیار 2: یسگول گیفون گیمریگ برو ایردرن کو منتقل کرنا اور اس میں توسیع کرنا، اور مستقبل میں چوتھے اسکول کے قیام کا امکان**

**اس کا کیا مطلب ہے؟**

یسگول گیفون گیمریگ برو ایردرن کو شہر کے جنوبی حصے میں ایک نئے مقام پر منتقل کرنا، اس کی گنجائش میں اضافہ کرنا، اور بعد کے مرحلے میں چوتھے ویلش میڈیم سیکنڈری اسکول کو پروان چڑھانا / قائم کرنا۔

**ممکنہ فوائد**

- شہر کے جنوبی حصے میں متوقع طلب کے قریب ایک ویلش میڈیم سیکنڈری اسکول قائم کرتا ہے۔
- موجودہ یسگول گیفون گیمریگ برو ایردرن کے مقام پر عمارت کی حالت اور موزونیت سے متعلق مسائل کو حل کرتا ہے۔
- موجودہ مقام کی فروخت منتقلی اور نئی تعمیر کی مجموعی لاگت میں معاونت کے لیے فنڈنگ فراہم کر سکتی ہے۔
- نئے مقام پر یسگول گیفون گیمریگ برو ایردرن کی ممکنہ توسیع کے ذریعے مجموعی نظامی گنجائش میں اضافے کے مواقع پیدا کرتا ہے۔
- پورے شعبے میں مالی استحکام کی حمایت کرتے ہوئے موجودہ ویلش میڈیم سیکنڈری اسکول اپنے موجودہ عملی ماڈلز کے ساتھ کام جاری رکھ سکتے ہیں ۔
- موجودہ تعلیمی طریقہ کار اور تنظیمی ڈھانچوں کو جاری رکھنے اور ممکنہ طور پر مزید ترقی دینے کی اجازت دیتا ہے۔
- نئی تعمیر ایسی سہولیات فراہم کر سکتی ہے جن میں وسیع تر ویلش میڈیم تعلیمی ضروریات کی معاونت کی گنجائش ہو۔

**ممکنہ نقصانات**

- یسگول گیفون گیمریگ برو ایردرن کو شہر کے مشرقی حصے میں موجود متوقع طلب سے، جہاں یہ اس وقت سہولت میسر کر رہا ہے، مزید دور منتقل کرتا ہے۔
- ویلش میڈیم سیکنڈری سہولیات مخصوص علاقوں میں ہی مرکوز رہیں گی، جبکہ دیگر علاقوں میں ان کی نمایاں موجودگی کم ہوگی۔
- اضافی طویل مدتی گنجائش اب بھی بعد میں چوتھے سیکنڈری اسکول کے قیام پر منحصر ہوگی۔
- زمین کے حصول اور تعمیراتی اخراجات کا مشترکہ تخمینہ ہے کہ 80 £ملین سے تجاوز کریں گے۔
- اسکول کی منتقلی سے اُن طلبہ کے لیے خلل پیدا ہوگا جنہیں مقام ( تعلیمی ادارہ )تبدیل کرنی ہوگی۔
- حدودِ داخلہ میں نمایاں ازسرِ نو ترتیب درکار ہوگی۔
- بعض خاندانوں کے لیے سفری اوقات میں اضافہ ہو سکتا ہے، خصوصاً ان کے لیے جو مشرق میں ہیں ۔
- گھر سے اسکول تک ٹرانسپورٹ کے اخراجات کونسل کے لیے موجودہ انتظامات کے مقابلے میں بڑھ سکتے ہیں۔
- دستیاب نشستوں کی تعداد میں محدود اضافے کے لیے زیادہ سرمایہ کاری۔

**اختیار 3: مرکزی ویلش میڈیم 16 سال کی عمر کے بعد کا مقام ( تعلیمی ادارہ) قائم کرنا اور موجودہ اسکولوں میں جماعت 7 تا 11 کو وسعت دینا**

**اس کا کیا مطلب ہے؟**

جماعت 12-13 کے لیے ایک مخصوص 16 سال کی عمر کے بعد ک کا مقام ( تعلیمی ادارہ) قائم کرنا۔
موجودہ اسکول جماعت 7-11 کی فراہمی پر توجہ دیں گے اور اپنی مرکزی عمر کی حد 11-19 سے تبدیل کر کے 11-16 کر دیں گے۔

**ممکنہ فوائد**

- 16 سال کی عمر کے بعد کے بڑے مشترکہ گروپ سے کورسز کی زیادہ وسیع رینج کی فراہمی ممکن ہو سکتی ہے، بشمول پیشہ ورانہ اختیارات کی بڑی تعداد جو نئے ویلش میڈیم طلبہ کے تعلیمی راستوں کی معاونت کرے۔
- جماعت 7-11 کے لیے موجودہ عمارتوں کو زیادہ مؤثر انداز میں استعمال کیا جائے گا۔
- جماعت 7-11 کے طلبہ کے لیے کم سے کم خلل۔
- حدودِ داخلہ کے علاقوں میں صرف معمولی تبدیلیاں درکار ہوں گی۔
- ویلش میڈیم تعلیم میں ترقی کی معاونت کے لیے اضافی گنجائش فراہم کرتا ہے۔

- اگر ریل پاس کی تجاویز کے ساتھ ملا کر دیکھا جائے تو بعض طلبہ کے لیے گھر سے اسکول تک سفر کے اختیارات میں بہتری لا سکتا ہے۔
- 16 سال کی عمر کے بعد کے طلبہ کو بعض مضامین کے لیے اسکولوں کے درمیان سفر کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی (برو پلاس ٹاف شراکت داری)۔
- 16 سال کی عمر کے بعد کی سہولیات کے لیے موزوں مقام/جگہ کا حصول زیادہ لاگت کے لیے مؤثر ہوگا اور جماعت 7-13 کے لیے مقام /جگہ کے مقابلے میں زیادہ ممکنہ مقامات / جگہیں اختیار کے طور پر دستیاب ہو سکتی ہیں۔

**ممکنہ نقصانات**

- ویلش میڈیم سہولیات موجودہ مقامات / جگہوں پر ہی قائم رہیں گی۔
- نئی 16 سال کی عمر کے بعد کے مقام /جگہ کو قائم کرنے میں نمایاں مرمت یا نئی تعمیر کے اخراجات شامل ہوں گے۔
- اضافی زمین یا عمارت کے حصول کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- عملے کی ازسرِ نو تنظیم اور تقسیم کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- موجودہ انتظامات کے تحت اپنے مقامی اسکول تک سفر کے وقت کے مقابلے میں، نئی سہولت تک 16 سال کی عمر کے بعد کےطلبہ کے اوسط سفری اوقات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔
- 11–16 سال کی عمر کے طلبہ کے لیے سفری فاصلے تبدیل نہیں ہوں گے۔
- موجودہ اسکول عمارتوں کی حالت سے متعلق مسائل سے براہِ راست نمٹا نہیں جائے گا۔
- تمام 16 سال کی عمر کے بعد کے طلبہ کو ایک ہی مقام /جگہ پر مجتمع کرنا اسکولوں کے لیے ایک بڑی عملی تبدیلی ہو سکتی ہے اور عملے کو متعدد مقامات پر کام کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- ویلش میڈیم شعبے کے اندر موجودہ تنظیمی ڈھانچوں میں تبدیلیاں متعارف کروا سکتا ہے۔

**اختیار 4: جنوبی کارڈف میں ایک نیا چوتھا ویلش میڈیم سیکنڈری اسکول قائم کرنا**

**اس کا کیا مطلب ہے؟**

کارڈف کے جنوبی حصے میں ایک نیا ویلش میڈیم سیکنڈری اسکول تعمیر کرنا۔ موجودہ اسکول درمیانی مدت میں اپنے حجم میں کمی کریں گے۔

**ممکنہ فوائد**

- شمال اور مشرق سے موجودہ رسائی کو کم کیے بغیر جنوب میں رہنے والے خاندانوں کے قریب قریب ویلش میڈیم سیکنڈری مقامات فراہم کرکے ویلش میڈیم سیکنڈری پروویژن کی جغرافیائی تقسیم کو وسیع کرتا ہے۔
- مجموعی گنجائش میں اضافہ کرتا ہے، جو ویلش میڈیم تعلیم میں طویل مدتی ترقی کی حمایت کرتا ہے اور طلب میں اضافے کی گنجائش فراہم کرتا ہے۔
- جنوبی کارڈف میں فراہمی کی بہترین نمائش ۔
- موجودہ یا منصوبہ بند انتظامات کے مقابلے میں کونسل کے ٹرانسپورٹ اخراجات میں کمی لا سکتا ہے۔
- نیا تعمیر شدہ اسکول ایسی سہولیات فراہم کر سکتا ہے جن میں وسیع تر ویلش میڈیم تعلیمی ضروریات اور ہم نصابی سرگرمیوں کی فراہمی کی گنجائش ہو۔

**ممکنہ نقصانات**

- سرمایہ کاری کی لاگت ممکنہ طور پر 80 £ملین سے تجاوز کرے گی، جس میں نئی تعمیر اور ایسی جگہ پر زمین کی خریداری شامل ہے جہاں موزوں مقامات / جگہیں کم دستیاب ہیں۔
- اسکولوں کی حدودِ داخلہ کے علاقوں میں نمایاں تبدیلیاں درکار ہوں گی۔
- موجودہ اسکولوں کی عمارتوں کی حالت سے متعلق مسائل حل نہیں ہوں گے۔
- اگر احتیاط سے مرحلہ وار عمل نہ کیا گیا تو ایک اور اسکول شامل کرنے سے موجودہ اسکولوں میں داخلوں کی تعداد کم ہو جائے گی۔

- کم داخلے عملے کی ازسرِ نو تنظیم یا عملے کے زیادہ تبادلے کا سبب بن سکتے ہیں کیونکہ موجودہ اسکولوں میں طلبہ کی تعداد کم اور/یا متغیر ہو جائے گی۔
- طلبہ کی ازسرِ نو تقسیم سے انفرادی اسکولوں کے بجٹ میں کمی ہو سکتی ہے اور پیش کیے جانے والے مضامین کی حد محدود ہو سکتی ہے۔
- جنوبی کارڈف کے بعض خاندانوں سے گھر سے اسکول تک مفت ٹرانسپورٹ ختم ہو جائے گی۔
- ساختی اور تنظیمی تبدیلیاں شعبے کے اندر موجودہ طریقہ کار کو متاثر کر سکتی ہیں۔
- مکمل طور پر نئی تنظیم کے لیے کافی تعداد میں ویلش بولنے والے عملے کی بھرتی کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔

**اختیار 5: جنوبی کارڈف میں 3-16 یا 3-19 کی عمر کے لیے ایک نیا ویلش میڈیم اسکول قائم کرنا**

**اس کا کیا مطلب ہے؟**

ایک ہمہ جہتی ویلش میڈیم اسکول قائم کرنا جو ایک ہی مقام /جگہ پر نرسری، پرائمری، سیکنڈری اور اختیاری 16 سال کی عمر کے بعد کی تعلیم فراہم کرے۔

**ممکنہ فوائد**

- شمال اور مشرق سے موجودہ رسائی میں کمی کیے بغیر جنوبی علاقوں میں رہنے والے خاندانوں کے قریب ویلش میڈیم سیکنڈری نشستیں فراہم کر کے ویلش میڈیم سیکنڈری سہولیات کی جغرافیائی تقسیم کو وسیع کرتا ہے ۔
- مجموعی گنجائش میں اضافہ کرتا ہے، جو ویلش میڈیم تعلیم میں طویل مدتی ترقی کی حمایت کرتا ہے اور جنوبی کارڈف میں سہولیات کی بہتر نمایاں موجودگی کے ساتھ طلب میں اضافے کی گنجائش فراہم کرتا ہے۔
- نیا تعمیر شدہ اسکول ایسی سہولیات فراہم کر سکتا ہے جن میں وسیع تر ویلش میڈیم تعلیمی ضروریات اور ہم نصابی سرگرمیوں کی فراہمی کی گنجائش ہو۔
- 3–16/19 ماڈل اُن طلبہ کے لیے تسلسل فراہم کرتا ہے جو اسی اسکول میں پرائمری مرحلے سے سیکنڈری تعلیم کی طرف پیش رفت کرتے ہیں۔
- موجودہ یا منصوبہ بند انتظامات کے مقابلے میں کونسل کے ٹرانسپورٹ اخراجات میں کمی لا سکتا ہے۔

**ممکنہ نقصانات**

- سرمایہ کاری کی لاگت ممکنہ طور پر 80 £ملین سے تجاوز کرے گی، جس میں نئی تعمیر اور ایسی جگہ پر زمین کی خریداری شامل ہے جہاں موزوں مقامات / جگہیں کم دستیاب ہیں۔
- اسکولوں کی حدودِ داخلہ کے علاقوں میں نمایاں تبدیلیاں درکار ہوں گی۔
- موجودہ اسکولوں کی عمارتوں کی حالت سے متعلق مسائل حل نہیں ہوں گے۔
- اگر احتیاط سے مرحلہ وار عمل نہ کیا گیا تو ایک اور اسکول شامل کرنے سے موجودہ اسکولوں میں داخلوں کی تعداد کم ہو جائے گی۔
- کم داخلے عملے کی ازسرِ نو تنظیم یا عملے کے زیادہ تبادلے کا سبب بن سکتے ہیں کیونکہ موجودہ اسکولوں میں طلبہ کی تعداد کم اور/یا متغیر ہو جائے گی۔
- طلبہ کی ازسرِ نو تقسیم سے انفرادی اسکولوں کے بجٹ میں کمی ہو سکتی ہے اور پیش کیے جانے والے مضامین کی حد محدود ہو سکتی ہے۔
- ساختی اور تنظیمی تبدیلیاں شعبے کے اندر موجودہ طریقہ کار کو متاثر کر سکتی ہیں۔
- جامع اسکولوں میں عموماً سیکنڈری اور 16 سال کی عمر کے بعدکے گروپس نسبتاً چھوٹے ہوتے ہیں، جو نصاب کی حد پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔
- جنوبی کارڈف کے بعض خاندانوں سے گھر سے اسکول تک مفت ٹرانسپورٹ ختم ہو جائے گی۔
- ساختی تبدیلیاں موجودہ تنظیمی استحکام کو متاثر کر سکتی ہیں۔
- مکمل طور پر نئی تنظیم کے لیے کافی تعداد میں ویلش بولنے والے عملے کی بھرتی کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔

## اختیار 6:   ایک موجودہ انگلش میڈیم اسکول میں ویلش میڈیم سہولت شامل کرنا

### اس کا کیا مطلب ہے؟

کارڈف کے جنوبی حصے میں کسی موجودہ انگلش میڈیم اسکول کے اندر ویلش سیکنڈری سہولت متعارف کرانا۔ یہ ایک ابتدائی اسکول کے طور پر ہو سکتا ہے جو آغاز میں انگلش میڈیم اسکول کی سہولیات مشترکہ طور پر استعمال کرے تاکہ مستقبل میں طویل مدتی توسیع کے ساتھ ترقی کر سکے، یا کارڈف کے موجودہ سیکنڈری اسکولوں سے مختلف نوعیت کے انتظامی ماڈل کی تیاری کی جا سکے۔

**ممکنہ فوائد**

- جنوبی علاقوں میں رہنے والے خاندانوں کے قریب ویلش سہولیات فراہم کرتا ہے۔
- ویلش سیکنڈری سہولیات کی جغرافیائی پھیلاؤ کو وسیع کرتا ہے۔
- ویلش بولنے والوں کی طویل مدتی ترقی ( بڑھنے ) کی حمایت کرتا ہے۔
- موجودہ یا منصوبہ بند انتظامات کے مقابلے میں کونسل کے ٹرانسپورٹ اخراجات میں کمی لا سکتا ہے۔
- سرمایہ جاتی اخراجات ایک نیا علیحدہ اسکول تعمیر کرنے کے مقابلے میں کم ہوں گے۔

**ممکنہ نقصانات**

- میزبان انگلش میڈیم اسکول میں توسیع یا داخلوں میں ترمیمات /تبدیلیوں کی ضرورت ہوگی۔
- تعمیر اور موافقت کے اخراجات مخصوص مقام پر منحصر ہوں گے۔
- حدودِ داخلہ کے علاقوں میں نمایاں تبدیلیاں درکار ہوں گی۔
- خاندانوں کو اسکول کی تقسیم ( تعین) میں اہم تبدیلیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔
- موجودہ ویلش میڈیم اسکولوں کی حالت سے متعلق مسائل حل نہیں ہوں گے۔
- کم یا متغیر داخلوں کے باعث موجودہ اسکولوں میں عملے کی ازسرِ نو تنظیم یا عملے کے زیادہ تبادلے کا امکان ہو سکتا ہے۔
- طلبہ کی ازسرِ نو تقسیم سے ویلش طلبہ کے لیے اسکول بجٹ اور نصاب کی وسعت میں کمی ہو سکتی ہے۔
- وسیع پیمانے پر منتقلی کی منصوبہ بندی درکار ہوگی۔
- بعض متعلقہ فریقین نے ویلش میڈیم اسکولوں کے مکمل طور پر عمیق ویلش زبان کے ماحول اور تجربے کے خاتمے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

**مالی معاملات: کیا ممکن ہے اس بارے میں شفافیت**

کونسل موجودہ مالی صورتحال کے حوالے سے شفاف ہونا چاہتی ہے۔ بجٹ کا دباؤ نمایاں ہے، اور دستیاب وسائل کا ایک بڑا حصہ اس وقت اضافی تعلیمی ضروریات رکھنے والے طلبہ کے لیے کافی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی جانب مختص کیا جا رہا ہے۔ اس میں اُن طلبہ کے لیے مناسب خصوصی نشستوں کا حصول بھی شامل ہے جو ویلش میڈیم اضافی تعلیمی ضروریات کی سہولت تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں، جو کارڈف کے لیے ایک قانونی ذمہ داری بھی ہے اور ایک اہم ترجیح بھی۔

اس دستاویز میں بیان کی گئی بعض ممکنہ تبدیلیوں سے کونسل پر عمارتوں کی تعمیر اور/یا ان میں تبدیلی کے حوالے سے سرمایہ جاتی اخراجات عائد ہوں گے۔ مستقبل میں آگے بڑھائی جانے والی کسی بھی اسکول کی تجویز کے نتیجے میں اختیار کے مطابق اضافی عملے کی ممکنہ اور/یا ملازمت سے متعلق کونسل پر محصولات کے اخراجات بھی عائد ہوں گے۔

**مستقبل کی کسی بھی تبدیلی کے لیے سرمایہ جاتی فنڈنگ**

ویلش حکومت کا سسٹینیبل کمیونٹیز فار لرننگ پروگرام (تعلیم کے لیے پائیدار کمیونٹیز پروگرام) ویلز بھر میں اسکولوں کی عمارتوں کو بہتر بنانے کے لیے ایک طویل مدتی منصوبہ ہے۔ یہ پروگرام کونسل کی معاونت کرتا ہے

تاکہ نئے اسکول تعمیر کرنے یا موجودہ اسکولوں کو اپ گریڈ ( تازہ ترین سہولیات کے ساتھ مزین کرنا ) کرنے میں سرمایہ کاری کی جا سکے، تاکہ تمام بچے جدید اور اعلیٰ معیار کے ماحول میں تعلیم حاصل کر سکیں۔

بڑے منصوبوں کے لیے، سسٹینیبل کمیونٹیز فار لرننگ پروگرام کے تحت ویلش حکومت کی مساوی فنڈنگ حکومتی وزراء کی جانب سے کاروباری منصوبے کی منظوری پر منحصر ہوتی ہے۔

**اسکول کی تقرریوں ( نشستوں) کی آمدنی کی مالی اعانت**

مرکزی دھارے کے اسکولوں کی فنڈنگ بنیادی طور پر طلبہ کی تعداد کی بنیاد پر ہوتی ہے، اس کے ساتھ ہر اسکول کے لیے چند مقررہ یکمشت ادائیگیاں بھی شامل ہوتی ہیں۔
کسی بھی اضافی نشستوں کی مالی اعانت کے اخراجات موجودہ تفویض شدہ اسکول کے بجٹ سے پورے کرنا ہوں گے۔
کونسل اُن سیکنڈری عمر کے طلبہ کے لیے گھر سے اسکول تک ٹرانسپورٹ کی فنڈنگ بھی کرتی ہے جو قریب ترین ویلش میڈیم، انگلش میڈیم یا مذہبی اسکول سے تین میل سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہیں۔ اگر ویلش میڈیم سہولیات میں توسیع کی جاتی ہے تو طلبہ کی بڑی تعداد کو اسکولوں تک پہنچانے کی مجموعی لاگت کونسل کے لیے بڑھ بھی سکتی ہے یا کم بھی ہو سکتی ہے۔ یہ متعدد عوامل پر منحصر ہوگا، جن میں مفت گھر سے اسکول ٹرانسپورٹ کے اہل طلبہ کی تعداد اور دستیاب ٹرانسپورٹ کی اقسام شامل ہیں۔
لہٰذا سہولیات میں کسی بھی توسیع کا کارڈف کے تمام اسکولوں پر نمایاں اور طویل مدتی اثر پڑ سکتا ہے۔ اسی لیے ہم زیادہ لاگت والے بڑے اختیارات کے ساتھ ساتھ چھوٹے، مرحلہ وار یا عارضی حل بھی زیرِ غور لا رہے ہیں۔ ہماری خواہش بدستور یہ ہے کہ کارڈف میں ویلش میڈیم تعلیم کو اس انداز میں فروغ دیا جائے جو منصفانہ اور پائیدار ہو۔

**اسکول تک پہنچنا اور شامل ہونا**

ہم جانتے ہیں کہ سفر ایک رکاوٹ بن سکتا ہے۔ کارڈف کونسل پہلے ہی قانونی کم از کم تقاضوں سے آگے بڑھتے ہوئے، اگر آپ کافی فاصلے پر رہتے ہوں تو قریب ترین ویلش میڈیم اسکول تک مفت گھر سے اسکول ٹرانسپورٹ فراہم کرتی ہے۔ ہم ریل سفر کے آزمائشی اجرا پر بھی غور کر رہے ہیں، اور فعال سفر (جیسے سائیکل چلانا اور پیدل چلنا) میں مزید سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ ہر ایک کے لیے اسکول تک پہنچنا اور اسکول کے بعد کی سرگرمیوں میں شامل ہونا آسان ہو۔

**داخلہ اور حدودِ داخلہ کے علاقے**
اگر ہمیں حدودِ داخلہ ی کے علاقوں یا داخلے کے انتظامات میں تبدیلی کی ضرورت پیش آئی تو ہم تمام قانونی مراحل پر عمل کریں گے اور آپ سے دوبارہ مشاورت کریں گے۔

ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ کوئی بھی تبدیلی:
- شہر بھر میں نشستوں کا توازن قائم رکھے ۔
- کم خوشحال کمیونٹیز (سماجی گروہ) کا تحفظ کرے۔
- والدین کی خواہشات کو مدِنظر رکھے۔
- تنوع اور شمولیت کی حمایت کرے۔

اسکولوں کے مالی معاملات کو پیشِ نظر رکھے۔

**آگے کیا ہوگا؟**

آپ یہ توقع کر سکتے ہیں:

- **بہار 2026:** عوامی مشاورتی دور۔
- **گرما 2026**: کابینہ اس مشاورتی عمل سے موصول ہونے والی تمام آراء کا جائزہ لے گی۔ اس کے ساتھ ایک تفصیلی ( نگرانی و جانچ ) جائزہ بھی ہوگا۔

- **خزاں 2026:** اگر ضرورت ہوئی تو 2028/29کے لیے داخلوں/حدودِ داخلہ کے علاقوں پر باقاعدہ مشاورت کی جائے گی۔
- **2027/28:** اس سال کے لیے کوئی بھی عارضی تبدیلیاں نافذ کی جائیں گی (اگر منظوری دی گئی)۔
- **2026–2033:** ہم آپ کے ساتھ مل کر کام جاری رکھیں گے تاکہ تجاویز کو بہتر بنایا جا سکے اور اگر فنڈنگ دستیاب ہو تو اسکول آرگنائزیشن کوڈ کے مطابق طویل مدتی اختیارات اور باقاعدہ مشاورت کی طرف پیش رفت کی جا سکے۔

**آپ کی آراء کو کس طرح استعمال کیا جائے گا؟**

ہم عہد کرتے ہیں کہ:

- ہر جواب کو پڑھیں گے اور اس پر غور کریں گے۔
- آپ نے جو ہمیں بتایا ہے کا خلاصہ شائع کریں گے۔
- واضح کریں گے کہ آپ کی آراء نے آئندہ اقدامات کی تشکیل پر کس طرح اثر ڈالا۔
- جب تک فنڈنگ دستیاب نہ ہو اور مکمل، باقاعدہ مشاورت نہ ہو جائے، کوئی بڑا فیصلہ نہیں کریں گے۔

**شکریہ**

کارڈف میں ویلش میڈیم سیکنڈری تعلیم کے مستقبل کی تشکیل میں مدد کے لیے وقت نکالنے پر آپ کا شکریہ ۔ آپ کی آواز اہم ہے، اور ہم مل کر تمام طلبہ اور برادریوں کے لیے آگے بڑھنے کا بہترین راستہ تلاش کر سکتے ہیں۔

**تواتر سے پوچھے گئے سوالات**

**کیا 2027/28 میں ہر وہ طالب علم جو ویلش میڈیم سیکنڈری جگہ چاہتا ہے، اسے جگہ ملے گی؟**
جی ہاں، یہ ہماری منصوبہ بند عارضی اضافے کے نفاذ کے ذریعے حاصل کیا جائے گا۔

**کیا اس کا مطلب ہے کہ نئے اسکول فوراً تعمیر کیے جائیں گے؟**
نہیں۔ یہ ابتدائی مشاورتی عمل ہے، باقاعدہ مشاورت نہیں۔ سہولیات کی ازسرِ نو تنظیم یا نئے اسکولوں کی تعمیر جیسی بڑی تبدیلیوں کے لیے خاطر خواہ فنڈنگ، موزوں مقام/ جگہ ، اور کافی تعداد میں ویلش بولنے والے عملے کی ضرورت ہوگی۔ مستقبل میں پیش کی جانے والی کسی بھی تجویز کو اسکول آرگنائزیشن کوڈ کے مطابق عمل میں لایا جائے گا اور مکمل قانونی مشاورت درکار ہوگی۔

**کیا مفت ٹرانسپورٹ کے قواعد میں تبدیلی ہوگی؟**
نہیں۔ ان تبدیلیوں کے نتیجے میں گھر سے اسکول ٹرانسپورٹ پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

**آپ یہ کیسے یقینی بنائیں گے کہ مضامین اور سرگرمیوں کی وسیع وسعت ( انتخاب کرنے کی حد ) دستیاب ہو؟**
بڑے اسکول وسیع نصاب پیش کرنے کی زیادہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ ہمیں اسکولوں کے درمیان تعاون کی حوصلہ افزائی بھی کرنی ہوگی اور مزید ویلش بولنے والے اساتذہ اور عملے میں سرمایہ کاری کرنا ہوگی۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ہم نصابی سرگرمیوں تک رسائی اہم ہے، اس لیے ہم منصوبہ بندی میں اس پہلو کو بھی شامل کریں گے۔

**کیا ایک نیا ویلش میڈیم سیکنڈری اسکول یقینی ( ضمانت شدہ) ہے؟**
نہیں۔ یہ اُن متعدد اختیارات میں سے ایک ہے جن کا ہم جائزہ لے رہے ہیں، لیکن اس کا انحصار فنڈنگ، مقام/ جگہ کی دستیابی اور عملے پر ہے۔ ابھی کچھ بھی طے نہیں کیا گیا ہے۔

**اضافی سیکھنے کی ضروریات ( اے ایل این ) رکھنے والے طلبہ کے بارے میں کیا؟**
اضافی سیکھنے کی ضروریات کو پورا کرنا ایک قانونی تقاضا ہے۔ ہم سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ویلش میڈیم اضافی سیکھنے کی ضروریات رکھنے والے طلبہ کو مناسب معاونت اور نشستیں فراہم ہوں۔

**کیا حدودِ داخلہ کے علاقوں یا داخلے کے انتظامات میں تبدیلی ہوگی؟**
حدودِ داخلہ کے علاقوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا ہے۔ مستقبل میں ان میں تبدیلی ہو سکتی ہے، لیکن صرف مکمل مشاورت کے بعد۔ کسی بھی تبدیلی کا مقصد نشستوں کا منصفانہ توازن قائم کرنا، کمزور برادریوں کا تحفظ کرنا، اور اسکولوں کو مالی طور پر مستحکم رکھنا ہوگا۔

**میری آراء کو کس طرح استعمال کیا جائے گا؟**
ہم ہر جواب پڑھیں گے، ایک خلاصہ شائع کریں گے، اور واضح کریں گے کہ آپ کی آراء نے آئندہ اقدامات کی تشکیل پر کس طرح اثر ڈالا۔